Session 24th

No 1226

Date 16/05/2017

Department Health

توجہ دلانوٹس نمبر 1226

منجانب: جناب محمود جان صاحب رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ جرمنی اور صوبائی حکومت کے مشترکہ تعاون سے حیات آباد پشاور میں ریجنل بلڈ سنٹر (آر بی سی) کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جس میں ضرورت مند مریضوں کو پشاور کے 6 بڑے ہسپتالوں میں محفوظ خون بلا معاوضہ اور بغیر خون لئے فراہم کیا جارہا ہے۔ صوبائی حکومت نے سنٹر چلانے کے لئے باقاعدہ NTS کے ذریعے تربیت یافتہ سٹاف کو بھرتی کے بعد کراچی میں بین الاقوامی معیار کے مطابق تین ماہ کی ٹریننگ دی گئی سنٹر کی شاندار کارکردگی کی بناپر جرمن حکومت نے مزید تین نئے ریجنل بلڈ سنٹر کے قیام کی منظوری دی ہے اوراس کے پی سی ون پر کام جاری ہے یہ کہ صوبائی حکومت نے RBC پراجیکٹ کو ریگولر بجٹ میں 43 ملازمین کے آسامیوں کی SNE کی منظوری دی ہے اور مزید نئے مالی وسائل کی ضرورت نہیں ہے تمام آسامیاں منظور شدہ ہیں اور تاحال پہلے سے تعینات ملازمین کو مستقل نہیں کیا گیا ہے۔ لہذا پہلے سے تربیت یافتہ ملازمین کی سروس کو موجودہ آسامیوں پر مستقل کیا جائے۔